مخصوص فنی پرچہ ہے جس میں قانون اور اس کے متعلقات پر مفید مضامین شائع کیے جاتے ہیں۔ ایک حصہ قانونی سوالات اور ان کے جوابات کے لیے مختص ہے جس سے غیر قانونی لوگ بھی مستفید ہو سکتے ہیں۔

الاطفال رسالہ ہمدرد صحت دہلی کا خاص نمبر ہے جس میں دو سو صفحے کے مضامین صرف ایک موضوع پر جمع کیے گئے ہیں، یعنے بچوں کی پرورش، نگہداشت، تربیت جسمانی، حفظان صحت، اور امراض و علاج وغیرہ۔ مضمون نگاروں میں ہندوستان اور یورپ کے اچھے اچھے ڈاکٹر اور اطبا شامل ہیں۔ ادارۂ ہمدرد صحت نے یہ رسالہ شائع کر کے درحقیقت ایک مفید اور قابل قدر خدمت انجام دی ہے۔

قیمت قسم اعلیٰ ۱۲ مر۔ قسم ادنیٰ ۸ مر۔

تفسیر قرآن مؤلفہ پادری جے علی بخش صاحب، لاہور۔ قیمت عہ۔

پادری صاحب نے اس کتاب میں قرآن مجید کی صرف کی سورتوں کو الگ کر کے ان کو ملحاظ نزول مرتب کیا ہے، اور ان کی تفسیر لکھی ہے۔ ایک عیسائی مصنف سے ہم امید نہیں کر سکتے کہ وہ قرآن مجید کی تفسیر بالکل مسلمانوں کے نقطۂ نظر سے لکھے گا۔ خصوصاً جب کہ خود مسلمان مفسر آج کل قرآن کے معانی بیان کرنے میں طرح طرح کی جدتیں کر رہے ہیں، تو ایک عیسائی مفسر کی جدت طرازی کی کسی طرح بھی محل شکایت نہیں ہو سکتی لیکن اس بات کا ہم کو کھلے دل سے اعتراف کرنا چاہیے کہ پادری صاحب نے تفسیر میں جو لہجہ اور انداز بیان اختیار کیا ہے وہ بالکل ایک صاحب علم اور نیک نیت اور تحقیق پسند آدمی کے شایان شان ہے۔ ان کے پیش نظر صرف ایک مقصد ہے جس کو انہوں نے اپنی "التماس" میں ظاہر کر دیا ہے، اور وہ یہ ہے کہ قرآن مجید کا مطالعہ بائبل کی روشنی میں کریں۔ اس کوشش میں جگہ جگہ ان سے لغزشیں ضرور ہوی ہیں، مگر من حیث المجموع انہوں نے کامیابی کے ساتھ قرآن مجید کی تعلیمات اور اس کے قصص کی تائید میں بائبل کی تعلیمات اور اس کے قصص پیش کیے ہیں۔ مصنف ایک سچے عیسائی کی طرح وحی الہام اور نزول کتب آسمانی کے قائل ہیں۔ اور اس کے ساتھ گو انہوں نے صاف الفاظ میں قرآن کے منزل من اللہ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ....